Allied Bank

آپ کے دل میں ہمارا اکاؤنٹ



# سرمائے کی نشوونما

## ریٹائرمنٹ کی منصوبہ بندی اعتماد کے ساتھ

**سیونگز اینڈ ریٹائرمنٹ پلان**

efu

LIFE
*Zaroori Hai*



سالوں کی کڑی محنت اور ذمہ داریوں کا بوجھ اُٹھانے کے بعد آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ چھٹیاں منانے کے لئے، فیملی کے ساتھ خوشگوار لمحات کو بانٹنے کے لئے۔ یہ سب کرنے کے ساتھ آپ کو آپکی سیونگز میں کمی اور دوسروں پر انحصار کرنا پڑسکتا ہے۔ خود کو ان حالات سے محفوظ رکھنے کے لئے سیونگز اور ریٹائرمنٹ پلان آپ کو سیونگز اکھٹا کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے جس کی طرف آپ اپنی ریٹائرمنٹ میں دیکھ سکیں۔

ای ایف یو لائف ایشورنس آپ کے لئے لایا ہے سیونگز اینڈ ریٹائرمنٹ پلان، آپکی ضروریات کے مطابق بینیفٹس کو اپنی مرضی کے مطابق بنانے کے لئے گارینٹیڈ انشورنس کے تحفظ کے ساتھ۔ یہ پلان آپکو ریگولر بنیادوں پر سیونگز میں مدد کرتا ہے اور ساتھ ساتھ مستقبل کے مالی ضروریات کو پورا کرنے میں بھی کارگر ہے۔ ایک اضافی یونٹ ایلوکیشن میچورٹی بونس کے طور پر آپ کی سیونگز کو بڑھانے کے لئے میچورٹی پر دی جاتی ہے۔

## سیونگز اینڈ ریٹائرمنٹ پلان کے ساتھ:

- آسان ادائیگی کی سہولت کے ساتھ ریٹائرمنٹ کی سیونگز کو بڑھایئے
- گارینٹڈ ڈیتھ بینیفٹ یا ریٹائرمنٹ کی صورت میں گارینٹیڈ آمدنی سلسلہ
- یکمشت رقم کے ذریعے آپ کی فیملی کا تحفظ
- سیونگز کو بڑھانے کے لئے میچورٹی بونس
- مسابقتی ایلوکیشن کیش ویلیوز کو بڑھانے کے لئے۔

## پلان کی پُرکشش خصوصیات:

### آپ کی بچت کو گروتھ کے مواقع:

ہر ادا کیا گیا پریمیم ای ایف یو لائف کے ذیلی فنڈ میں انویسٹ کیا جاتا ہے۔

یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہے کہ اپنے مقصد کے مطابق کہاں انویسٹ کیا جائے۔ ان فنڈز کو سرمایہ کاری کے ماہرین چلاتے ہیں جو کہ حالات کو مدِ نظر رکھتے ہوا اچھے ریٹرنز کے لئے رقم کو انویسٹ کرتے ہیں۔

آپ درج ذیل یونٹ سے منسلک فنڈز میں سے کسی کا انتخاب کر سکتے ہیں:

- **ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ:** ایک متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی پر مشتمل سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد، سرکاری سیکیورٹیز محتاط طور پر منتخب کی گئی بلوچپ ایکویٹیز اور دیگر مقرّرہ آمدنی کے ذرائع اور نقد سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمایہ کاری کی مناسب نشوونما اور مستحکم منافع جات حاصل کرنا ہے۔
- **ای ایف یو گارانٹیڈ گروتھ فنڈ:** مستحکم منافع جات فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ اس ضمانت کے ساتھ کہ فنڈ کی بِڈ پرائس نیچے نہیں آئے گی۔ اس کا مقصد قلیل المدّت قرضہ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستحکم نشوونما حاصل کرنا ہے۔
- **ای ایف یو اعتماد گروتھ فنڈ:** سرمایہ کاری فنڈ جسکا خاص مقصد سود سے پاک سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری ہے۔ اس کا ہدف سرمایہ کاری کی ایک وسیع حد میں سرمایہ کاری کے ذریعے، جیسے کہ اسلامک میوچل فنڈز، شریعہ سے منظور شدہ ایکویٹیز، اسلامی بینکوں میں مدّت پر مبنی ٹرم ڈیپازٹس اور سکوک بانڈز کے ذریعے، سرمائے کی نشوونما کو بڑھانا ہے۔

## ایلوکیشن فیصد:

بنیادی پلان کے پریمیم کا حصّہ جو سرمایہ کاری کیلئے مختص کیا جاتا ہے اسکا تناسب پالیسی سال کے مطابق درج ذیل ہے:

| پالیسی کا سال | ایلوکیشن فیصد |
|---|---|
| 1 | 40 فیصد |
| 2 | 80 فیصد |
| 3 سے 4 | 100 فیصد |
| 5 سے 10 | 103 فیصد |
| 11 سے 20 | 105 فیصد |
| 21 سے آگے | 110 فیصد |

## سم اشورڈ:

یہ وہ رقم ہے جو پالیسی کنندہ/ بیمہ دار کی (خدانخواستہ) ناگہانی وفات کی صورت میں قابل ادائیگی ہے۔ یہ باقاعدہ بنیادی پلان کے پریمیم کو پالیسی کنندہ کے منتخب کردہ تحفظ مضروب (پروٹیکشن ملٹی پل) سے ضرب دے کر حاصل کیا جاتا ہے۔ پروٹیکشن ملٹی پل پالیسی کے آغاز پر عمر پر منحصر حدود سے مشروط ہے۔

مزید تفصیلات کیلئے درج ذیل جدول ملاحظہ فرمائیے:

| عمر | پروٹیکشن ملٹی پل |
| --- | --- |
| 18 سے 35 | 5 سے 75 |
| 36 سے 40 | 5 سے 50 |
| 41 سے 49 | 5 سے 35 |
| 50 سے 60 | 5 سے عمر (-70) |
| 61 سے 65 | 5 |

## بچتوں تک رسائی:

منصوبے کی مدّت کے دوران، یہ پلان مجموعی فنڈ قدر تک مکمل رسائی فراہم کرتا ہے۔ منصوبے میں جمع شدہ تمام یونٹس دوسرے سال کے باقاعدہ پریمیئم کی ادائیگی کے بعد، نکلوائے جاسکتے ہیں۔ جزوی دستبرداری کی سہولت بھی موجود ہے بشرطیکہ کہ فنڈ میں 20,000 روپے کی رقم بھی موجود رہے۔
اس بات کا دھیان رہے کہ شروع کے سالوں کو نکالنا کیش ویلیوز پر اثر انداز ہوگا۔

## فنڈ ایکسلریشن پریمیئم:

اگر آپ کے پاس، پلان کی مدّت کے دوران کسی بھی وقت اضافی نقد رقم موجود ہو تو اپنی کیش ویلیو کو بڑھانے کیلئے آپ اس کو پلان میں سرمایہ کاری کیلئے استعمال کرسکتے ہیں۔ ان اضافی ادائیگیوں کو فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کہتے ہیں۔ آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کے نافذ العمل ہوتے ہوئے کسی وقت بھی ادا کرسکتے ہیں۔ کم از کم فنڈ ایکسلریشن پریمیئم 24,000 روپے فی ادائیگی ہے۔
فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب فنڈ میں یونٹس کی خریداری کیلئے مختص کیا جاتا ہے۔

## میچورٹی بونس:

پلان کی مدت کے اختتام پر فنڈ کو بڑھانے کے لئے ایک غیر معمولی میچورٹی بونس فراہم کرتا ہے۔ یہ بونس بنیادی پریمیم کی شرح کے مطابق ادا کئے جاتے ہیں۔

اضافی یونٹس میچورٹی کے سال کے آخر میں نیچے دیئے گئے ٹیبل کے مطابق دیئے جاتے ہیں۔

| میچورٹی کا سال | ایلوکیشن کی شرح |
|---|---|
| 11 سے 15 | 10فیصد |
| 16 سے 20 | 20فیصد |
| 21 سے 25 | 50فیصد |

## اس پلان کے تحت فوائد:

وفات کی صورت میں حاصل فائدہ:

جیسے ہی آپ سیونگز اور ریٹائرمنٹ پلان میں بچتوں کا آغاز کرتے ہیں، آپ کو بیمہ زندگی کے تحفظ کا ایک ضمانت شدہ درجہ حاصل ہوگا۔ پالیسی کنندہ کی وفات کے بعد اسکے نامزد کردہ کو ادا کیا جائے گا:

پلان کا سم اشورڈ یا بنیادی پلان کے پریمیم پر اطلاق شدہ یونٹس کی کیش ویلیوز (دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہو)

پلس

فنڈ ایکسلریشن پریمئیم پر اطلاق شدہ یونٹس کی کیش ویلیو

## افراطِ زر سے تحفظ:

اس انتخاب کے تحت، بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، ہر سال پریمئیم پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے پریمئیم کا 5 فیصد، اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ، بڑھ جائے گا۔ بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، بنیادی پلان کا پریمئیم اور سم اشورڈ کو ہر سال 5 فیصد سے بڑھا دیا جائیگا۔ آپ سم اشورڈ کو اُتنا ہی رکھ کر صرف پریمیم کو بھی بڑھا سکتے ہیں

## ریٹائرمنٹ آپشن:

60 سال کی عمر میں آپ کے پاس یہ آپشن موجود ہے کہ آپ مندرجہ ذیل کسی ایک ریٹائرمنٹ بینیفٹ کے مطابق اپنا فنڈ استعمال کر سکتے ہیں۔

- ☆ 10 سال کے لئے گارینٹیڈ پینشن اور لائف اشورڈ کی زندگی تک۔
- ☆ لائف اشورڈ کی وفات کے بعد شریک حیات کو ریٹائرمنٹ انکم کے 50 فیصد کی ادائیگی۔

## پلان میں دستیاب اضافی فوائد:

### ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلٹی پلس بینیفٹ:

بیمہ دار کی حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں، یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

### ہاسپٹل کیئر بینیفٹ:

لائف اشورڈ کی بیماری یا حادثہ کی صورت میں، یہ بینیفٹ ہاسپٹل کے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے ایک مقررہ کیش رقم فراہم کرتا ہے۔

### لائف کیئر پلس بینیفٹ:

پہلے سے بیان شدہ بیماریوں میں سے کسی کی تشخیص پر یا اس کے ہوجانے پر، یہ رائڈر بنیادی منصوبے کے سم اشورڈ کے برابر فائدہ مہیّا کرتا ہے، شرط یہ ہے کہ یہ فائدہ زیادہ سے زیادہ 1.5 ملین ہوگا۔

## عموماً پوچھے جانے والے سوالات:

**اس پلان کیلئے کون درخواست دے سکتا ہے اور پلان کی حدود کیا ہیں؟**

تمام افراد جن کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہو (اگلی سالگرہ پر)، اس پالیسی کے اہل ہیں۔ کوریج کی مدت 10 سے 25 سال ہے اس بات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 75 سال ہے۔

**میں کم از کم اور زیادہ سے زیادہ کتنا پریمیم دے سکتا ہوں؟**

پلان کا کم از کم بنیادی پریمیم 24,000 روپے سالانہ ہے۔ کم از کم پریمیم کی ادائیگی کا طریقہ کار درج ذیل ہے۔

| طریقہ کار | کم از کم پریمیم |
|---|---|
| سالانہ | 24,000 |
| ششماہی | 12,000 |
| سہ ماہی | 6,000 |
| ماہانہ | 2,000 |

پریمیم کی زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں۔

## اخراجات کیا ہیں؟

پلان پر درج ذیل اخراجات کا اطلاق ہوتا ہے:

ایڈمنسٹریشن اخراجات 60 روپے ماہانہ

بڈ آفر سپریڈ کُل باقاعدہ پریمیئم کا 5 فیصد

انویسٹمنٹ منیجمنٹ اخراجات: فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ

## قابلِ تنبیہ امور:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف کی پیش کردہ ہے، یہ الائیڈ بینک یا اس سے ملحق کسی ادارے سے ضمانت کردہ یا بیمہ شدہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ الائیڈ بینک کی پروڈکٹ ہے۔ الائیڈ بینک اپنے قابل قدر صارفین کیلئے اس پروڈکٹ کا صرف تقسیم کار اور تشہیر کار ہے۔
- آپ کے پریمیئم کی قدر میں نشو ونما کا انحصار منتخب شدہ فنڈ کی، جس میں پریمیئمز کی سرمایہ کاری کی گئی ہے، کی کارکردگی پر ہے۔
- منتخب شدہ فنڈ میں کی گئی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ کی صورت حال پر منحصر کرتی ہیں۔ منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کی کارکردگی میں رسک بیمہ دار کی ذمہ داری ہوگی۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی ضروری نہیں کہ مستقبل کے رسک کی نشاندہی کرے، اسی طور پر کوئی بھی پیشین گوئی فنڈ کے ممکنہ یا مستقبل کی کارکردگی کے طور پر لینا ضروری نہیں، اور نہ ہی ای ایف یو لائف اور نہ ہے الائیڈ بینک اسکے لئے کوئی ذمہ داری قبول کریں گے۔
- فوائد کی ایک انفرادی وضاحت آپ کو ہمارے سیلز کے نمائندے کی طرف سے پیش کی جائیگی، براہ مہربانی مختلف شرائط وضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کیلئے شذرات ملاحظہ کیجئے۔
- متعلقہ اداروں کے مقرر کردہ ٹیکس کے قوانین کے تحت ٹیکسوں کا اطلاق ہوگا۔
- معاہدہ کن خطوط پر کام کرتا ہے اس کی وضاحت پالیسی کے شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ منصوبے کے خدوخال اور فوائد کا ایک عام جائزہ پیش کرتا ہے۔

EFU LIFE ASSURANCE LTD.
EFU Life House: Plot No. 112, 8th East Street,
Phase I, DHA, Karachi, Pakistan.
Tel: (021) 111-EFU-111 (111-338-111)
Fax: (021) 34537519
Website: www.efulife.com